

سبق - 1

# انار - آم

( آ، ا )




SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں آپ کو کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ تصویر میں سب سے زیادہ کون سے پھل موجود ہیں؟

3۔ دکان میں موجود پھلوں کے علاوہ دوسرے چند پھلوں کے نام بتائیے؟

4۔ کیا آپ کو انار پسند ہے؟ کیوں؟

5۔ کیا آپ کو آم پسند ہیں؟ کیوں؟

6۔ اگر آپ آم کے باغ میں ہوتے تو کیا کرتے؟

(ب) اب ہم ''آم'' کے متعلق ایک نظم سنتے ہیں۔(معلم یہ نظم ترنم وادا کاری کے ساتھ پڑھیں۔)

موسم آم کا آیا ہے ڈھیروں آم لایا ہے
کچھ ہیں میٹھے کچھ ہیں کھٹّے لال پیلے اور رسیلے
انور اکبر انجم آؤ میٹھے آم کھاتے جاؤ
آؤ آؤ بچو آؤ کھا کر آم مزے اڑاؤ
آم پھلوں کا راجہ ہے
سب کے من کو بھاتا ہے

- محمد افتخارالدین شاؔد

(ج) طلبا کو بھی ترنم اور ادا کاری کے ساتھ نظم دہرانے کے لیے کہیں۔اور نظم کے بارے میں چند سوالات کریں۔

(د) 'ا' 'آ' سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔حروف کی آواز سے واقف کروائیں'اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



انگور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ن | گ | و | ر |



انّاس

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ن | ن | ا | س |



آم

| | |
|---|---|
| آ | م |



آگ

| | |
|---|---|
| آ | گ |

(ھ) آواز کی پہچان کے بعد حروف 'ا' اور 'آ' جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA




## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر طلبا سے ان کے نام پوچھے جائیں۔



انگور



املی




ادرک



آسمان



آنکھ



آلو

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے کہلوائیے۔



طوطا انار کھا رہا ہے



آدمی آرے سے لکڑی کاٹ رہا ہے



آم پھلوں کا راجہ ہے




یہ ادرک ہے

SCERT TELANGANA

(ج) تصویریں بتا کر طلبا سے جملے کہلوایئے۔ کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوایئے۔ ان جملوں میں ا ، آ سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروایئے۔





## لکھیے

(الف) طلبا سے صاف خط میں حروف لکھوائیں۔

 ____ ____ ____ ____ ____


 ____ ____ ____ ____ ____

 ____ ____ ____ ____ ____

 ____ ____ ____ ____ ____

SCERT TELANGANA

(ب) تصویروں کے آگے دائرے دیے گئے ہیں، طلبا سے ان تصویروں کے نام کہلوائیں اور ان کا پہلا حرف دائرے میں لکھوائیں۔





(ج) معلم طلبا سے کہیں کہ آم کی تصویر میں دیے گئے الفاظ کے پہلے حرف پر رنگین پنسل سے نشان لگائیں




SCERT TELANGANA

(د) 'ا' اور 'آ' سے شروع ہونے والے لفظوں کو ذیل میں بتائے گئے طریقے پر جوڑ لگوائیے۔




(ھ) خالی جگہ پر تصویر کا نام لکھوائیے اور جملے مکمل کروائیے۔

ڈال پر  ہے۔

 میٹھا ہے۔

ڈال پر ______ ہے۔

______ میٹھا ہے۔

یہ  ہے۔

 جل رہی ہے۔


یہ ______ ہے۔

______ جل رہی ہے۔



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔




______

SCERT TELANGANA



ایک دن اکبر مدرسہ جا رہا تھا۔




اس کو نالے میں ایک چیونٹی
ڈوبتی ہوئی نظر آئی۔



اس نے فوراً ایک کاغذ کی ناؤ بنائی
اور پانی میں چھوڑ دیا۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21



چیونٹی ناؤ پر سوار ہوگئی۔



اکبر ناؤ کو کنارے لے آیا۔



چیونٹی ناؤ سے اتری اور خوشی خوشی
اپنے گھر لوٹ گئی۔

SCERT TELANGANA